# دفتر برائے شہری حقوق میں امتیازی سلوک روا رکھے جانے کے خلاف کوئی درخواست دینے کا طریقہ

## تعارف

دفتر برائے شہری حقوق [Office for Civil Rights (OCR)] شہری حقوق کے ایسے پانچ وفاقی قوانین کو نافذ کرتا ہے جو نسل، رنگ، قومی اصلیت، جنس، معذوری اور عمر کی بُنیاد پر اُن پروگراموں یا سرگرمیوں میں امتیازی سلوک روا رکھنے کو ممنوع قرار دیتے ہیں جنہیں محکمۂ تعلیم [Department of Education (ED)] کی جانب سے وفاقی مالی معاونت ملتی ہو۔ نسل، رنگ اور قومی اصلیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک روا رکھے جانے کو *شہری حقوق ایکٹ برائے 1964* کے زمرہ VI میں ممنوع قرار دیا گیا ہے؛ جنسی بنیاد پر امتیازی سلوک کو تعلیمی ترمیمات برائے 1972 کے زمرہ IX میں ممنوع قرار دیا گیا ہے؛ معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو *تعمیرِ نَو ایکٹ برائے 1973* کی دفعہ 504 اور *معذور امریکیوں کا ایکٹ برائے 1990* کے زمرہ II میں ممنوع قرار دیا گیا ہے (زمرہ II میں عوامی اِداروں کی جانب سے معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک روا رکھے جانے کو ممنوع قرار دیا گیا ہے، خواہ انہیں وفاق کی جانب سے مالی معاونت مل رہی ہو یا نہ مل رہی ہو)؛ جبکہ عمر کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو *بلحاظ عمر امتیازی سلوک ایکٹ برائے 1975* میں ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

اِن قوانین شہری حقوق کا اِطلاق ED کی جانب سے وفاقی مالی معاونت وصول کرنے والی تمام ریاستی تعلیمی ایجنسیوں، ایلیمنٹری اور سیکنڈری اسکول سسٹمز، کالجز اور یونیورسٹیز، پیشہ ورانہ تربیتی اسکولز، منافع بخش اسکولز، ریاستی پیشہ ورانہ تعمیر نو ایجنسیوں، لائبریریوں اور عجائب گھروں پر ہوتا ہے۔ ED فنڈز وصول کرنے والے پروگراموں اور سرگرمیوں پر لازم ہے کہ امداد، مراعات یا خدمات ایک بلا امتیاز انداز میں فراہم کریں۔ اس طرح کی امداد، مراعات یا خدمات میں داخلے، بھرتی، مالی امداد، تعلیمی پروگرامز، طلبہ کا علاج اور خدمات، مشاورت اور رہنمائی، نظم و ضبط، کلاس روم اسائنمنٹ، درجہ بندی، پیشہ ورانہ تعلیم، تفریح، جسمانی تعلیم، جسمانی ورزشیں، خانہ سازی اور ملازمت بھی شامل ہیں، جبکہ یہ اِنہی تک محدود نہیں۔

اس کے علاوہ OCR *بوائے اسکاؤٹس آف امریکہ مساوی رسائی ایکٹ* کو بھی نافذ کرتا ہے، جو *ایلیمنٹری اور سیکنڈری تعلیمی ایکٹ* کا حصہ ہے۔ اس ایکٹ کے تحت، OCR محکمۂ تعلیم (ED) سے فنڈز وصول کرنے والے ہر پبلک ایلیمنٹری اسکول، ہر پبلک سیکنڈری اسکول، یا ہر ریاستی یا مقامی تعلیمی ایجنسی کی جانب سے قانوناً بوائے اسکاؤٹس سے ملحق کسی بھی گروپ یا ضابطۂ متحدہ امریکہ کے زمرہ 36 میں درج نوجوانوں کے کسی دیگر گروپ میں شامل ہونے کے لئے مساوی رسائی یا کوئی منصفانہ موقع نہ ملنے، یا اس کے خلاف امتیازی سلوک روا رکھے جانے کی شکایت پر مشتمل درخواست کی تفتیش کر سکتا ہے۔

اگست ۲۰۱۱

## امتیازی سلوک کے خلاف کون شکایت دائر کر سکتا ہے

ہر وہ شخص جس کا یہ ماننا ہو کہ کسی تعلیمی ادارے نے کہ جسے وفاق کی جانب سے مالی معاونت ملتی ہے نسل، رنگ، قومی اصلیت، جنس، معذوری یا عمر کی بنیاد پر کسی شخص کے خلاف امتیازی سلوک روا رکھا ہے، یا ہر وہ شخص کوئی شکایت دائر کر سکتا ہے، جس کا یہ ماننا ہو کہ کسی پبلک ایلیمنٹری یا سیکنڈری اسکول، یا ریاستی یا مقامی تعلیمی ایجنسی نے *بوائے اسکاؤٹس آف امریکہ مساوی رسائی ایکٹ* کی خلاف ورزی کی ہے۔ مذکورہ نوعیّت کی شکایت دائر کرنے والے شخص یا اِدارے کے لئے ضروری نہیں ہے کہ وہ اِلزام لگائے گئے امتیازی سلوک کا شکار ہوا ہو بلکہ کسی دوسرے شخص یا گروپ کی جانب سے بھی شکایت دائر کر سکتا ہے۔

## مناسب مدّت شکایت

کسی بھی شکایت کو ضروری ہے کہ اِلزام لگائے گئے امتیازی سلوک کی تاریخ سے 180 کیلنڈری دنوں کے اندر دائر کر دیا جائے، مگر یہ کہ مخصوص حالات کے تحت بتائی گئی معقول وجہ کی بناء پر OCR نے دائر کرنے کے وقت میں توسیع کر دی ہو۔

## ادارے سے متعلقہ شکایتی طریقہ ہائے کار

کسی ادارے کے خلاف OCR میں کوئی شکایت دائر کرنے سے پہلے، ممکن ہے کسی ممکنہ مدّعی کی خواہش ہو کہ متعلقہ اِدارے کے شکایتی طریق کار کے بارے میں جان لے اور متعلقہ شکایت کے حل کے لئے اسی روش سے استفادہ کرے۔ تاہم، کسی مدّعی کے لئے قانوناً لازم نہیں ہوتا کہ وہ OCR میں کسی قسم کی شکایت دائر کرنے سے پہلے متعلقہ اِدارے کے شکایتی طریق کار سے ہی استفادہ کرے۔ اگر کوئی مدّعی کسی ادارے سے متعلق شکایتی طریق کار سے استفادہ کر کے OCR میں اس شکایت کو دائر کرنے کا انتخاب بھی کرتا ہے، تو اس مدّعی پر لازم ہے کہ وہ ادارے سے متعلق شکایتی طریق کار کی تکمیل کے بعد 60 دنوں کے اندر OCR میں اپنی شکایت جمع کروا دے۔

*مذکورہ محکمۂ تعلیم کا مقصد تعلیمی برتری کو پروان چڑھاتے ہوئے اور مساوی رسائی کو یقینی بناتے ہوئے طالبعلم کے عالمگیر مقابلے کی صلاحیت کے حصول اور تیاری کو فروغ دینا ہے۔*

## کوئی شکایت دائر کرنے کا طریقہ

کسی شکایت کو دائر کرنے کے خواہشمند مدّعیان مندرجہ ذیل امور کی مدد سے ایسا کر سکتے ہیں:

**ڈاک یا فیکس:** مدّعیان کوئی نامہ بذریعۂ ڈاک یا فیکس اِرسال کر سکتے ہیں یا OCR کے کسی نافذ کنندہ دفتر سے دستیاب OCR کا امتیازی سلوک کا شکایت نامہ استعمال کر سکتے ہیں (اس کتابچے میں OCR کے دفاتر کی فہرست کو ملاحظہ کریں)۔ اپنے مراسلہ میں، برائے مہربانی مندرجہ ذیل امور کو شامل کریں:

- مدّعی کا نام، پتہ اور، ممکن ہونے کی صورت میں (اگرچہ لازم نہیں)، کوئی ٹیلیفون نمبر کہ جس کے ذریعے دفتری اوقات میں اس مدّعی تک رسائی ممکن ہو سکے؛
- اُس فرد یا اَفراد یا طبقۂ افراد کے بارے میں معلومات جسے الزام عائد شدہ اِمتیازی کارروائی(وں) کی وجہ سے ضرر پہنچا ہو (جن اَفراد کو ضرر پہنچا ہو اُن کے ناموں کو درج کرنا لازم نہیں ہوتا)؛
- الزام عائد شدہ امتیازی کارروائی(وں) کا ارتکاب کرنے والے ادارے کا نام اور مقام؛ اور
- الزام عائد شدہ امتیازی کارروائی(وں) کی ایک کافی تفصیلی وضاحت تاکہ OCR یہ سمجھنے پر قادر ہو کہ کیا پیش آیا تھا، کب پیش آیا تھا، اور الزام عائد شدہ امتیازی سلوک کی بنیاد کیا تھی (نسل، رنگ، قومی اصلیت، جنس، معذوری، عمر یا *بوائے اسکاؤٹس آف امریکہ مساوی رسائی ایکٹ*)۔

**ای-میل:** مدّعیان مندرجہ ذیل ای-میل پتے پر کوئی بھی شکایت دائر کر سکتے ہیں: ocr@ed.gov بعینہ مذکورہ بالا طریق کار سے استفادہ کریں۔

آن لائن: مدّعیان مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر OCR کے الیکٹرانک شکایت نامہ کی مدد سے OCR میں اپنی ہر شکایت جمع کروا سکتے ہیں: http://www.ed.gov/about/offices/list/ocr/complaintintro.html.

جن افراِد کے فی الحال کوئی ای-میل اکاؤنٹس نہیں، ان کے لئے انٹرنیٹ تک مفت رسائی اُن کی مقامی پبلک لائبریری سے ممکن ہو سکے گی، جبکہ مفت ای-میل اکاؤنٹس متعدّد وسیع پیمانے پر فراہم کنندگان کی جانب سے دستیاب ہوتے ہیں۔

**نوٹ:** کوئی بھی وفاقی مالی امداد وصول کرنے والا شخص کسی بھی ایسے شخص کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کر سکتا جس نے اس کتابچے کے پہلے صفحے پر درج شدہ قوانین کے تحت ہونے والی کسی بھی تفتیش یا قانونی چارہ جوئی کے سلسلے میں کسی بھی انداز میں شہادت دی ہو، معاونت کی ہو یا شرکت کی ہو۔ اگر آپ کا ماننا ہے کہ اِن وجوہات میں سے کسی کی بناء پر آپ کے خلاف انتقامی کارروائی کی جا رہی ہے، تو آپ OCR میں ایک شکایت جمع کروا سکتے ہیں۔

**امریکی محکمۂ تعلیم**
آرن ڈنکن (Arne Duncan)
*سکریٹری*

اگست ۲۰۱۱

## دفاتر اور پتے

**ہیڈ کوارٹرز**

**U.S. Department of Education**
**Office for Civil Rights**
**400 Maryland Ave. SW**
**Washington, DC 20202-1100**
کسٹمر سروس: **800-421-3481**
**فیکس: 202-453-6012**
**TDD: *877-521-2172**
**البريد الإلكتروني: OCR@ed.gov**
ویب: **http:www.ed.gov/ocr**

**Connecticut, Maine, Massachusetts, New Hampshire, Rhode Island, Vermont**
Office for Civil Rights, *Boston Office*
U.S. Department of Education
5 Post Office Square, 8th Floor
Boston, MA 02109-3921
ٹیلیفون: *617-289-0111
فیکس: 617-289-0150
ای-میل: OCR.Boston@ed.gov

**New Jersey, New York, Puerto Rico, Virgin Islands**
Office for Civil Rights, *New York Office*
U.S. Department of Education
32 Old Slip, 26th Floor
New York, NY 10005-2500
ٹیلیفون: *646-428-3800
فیکس: 646-428-3843
ای-میل: OCR.NewYork@ed.gov

**Delaware, Maryland, Kentucky, Pennsylvania, West Virginia**
Office for Civil Rights, *Philadelphia Office*
U.S. Department of Education
100 Penn Square East, Suite 515
Philadelphia, PA 19107-3323
ٹیلیفون: *215-656-8541
فیکس: 215-656-8605
ای-میل: OCR.Philadelphia@ed.gov

**Alabama, Florida, Georgia, Tennessee**
Office for Civil Rights, *Atlanta Office*
U.S. Department of Education
61 Forsyth St. SW, Suite 19T70
Atlanta, GA 30303-8927
ٹیلیفون: *404-974-9406
فیکس: 404-974-9471
ای-میل: OCR.Atlanta@ed.gov

**Arkansas, Louisiana, Mississippi, Texas**
Office for Civil Rights, *Dallas Office*
U.S. Department of Education
1999 Bryan St., Suite 1620
Dallas, Texas 75201-6810
ٹیلیفون: *214-661-9600
فیکس: 214-661-9587
ای-میل: OCR.Dallas@ed.gov

**North Carolina, South Carolina, Virginia, Washington, D.C.**
Office for Civil Rights, *District of Columbia Office*
U.S. Department of Education
400 Maryland Ave. SW
Washington, DC 20202-1475
ٹیلیفون: *202-453-6020
فیکس: 202-453-6021
ای-میل: OCR.DC@ed.gov

**Illinois, Indiana, Minnesota, Wisconsin, Iowa, North Dakota**
Office for Civil Rights, *Chicago Office*
U.S. Department of Education
Citigroup Center
500 W. Madison St., Suite 1475
Chicago, IL 60661-7204
ٹیلیفون: *312-730-1560
فیکس: 312-730-1576
ای-میل: OCR.Chicago@ed.gov

**Michigan, Ohio**
Office for Civil Rights, *Cleveland Office*
U.S. Department of Education
1350 Euclid Avenue, Suite 325
Cleveland, OH 44115
نوفیلیٹ: *216-522-4970
فیکس: 216-522-2573
ای-میل: OCR.Cleveland@ed.gov

**Kansas, Missouri, Nebraska, South Dakota, Oklahoma**
Office for Civil Rights, *Kansas City Office*
U.S. Department of Education One Petticoat Lane
1010 Walnut Street, Suite 320, 3rd Floor
Kansas City, MO 64106
نوفیلیٹ: *816-268-0550
فیکس: 816-823-1404
ای-میل: OCR.KansasCity@ed.gov

**Arizona, Colorado, New Mexico, Utah, Wyoming**
Office for Civil Rights, *Denver Office*
U.S. Department of Education
Cesar E. Chavez Memorial Building
1244 Speer Blvd., Suite 310
Denver, CO 80204-3582
نوفیلیٹ: *303-844-5695
فیکس: 303-844-4303
ای-میل: OCR.Denver@ed.gov

**California**
Office for Civil Rights, *San Francisco Office*
U.S. Department of Education
50 United Nations Plaza
San Francisco, CA 94102
نوفیلیٹ: *415-486-5555
فیکس: 415-486-5570
ای-میل: OCR.SanFrancisco@ed.gov

**Alaska, Hawaii, Idaho, Nevada, Oregon, Washington, American Samoa, Guam, Northern Mariana Islands, Montana**
Office for Civil Rights, *Seattle Office*
U.S. Department of Education
915 Second Ave., Room 3310
Seattle, WA 98174-1099
ٹیلیفون: 206-607-1600
TDD: 206-607-1647
فیکس: 206-607-1601
ای-میل: OCR.Seattle@ed.gov

TDD*: 877-521-2172